فوری ریلیز کے لیے: 8/12/2023 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کی جانب سے فرینکلن کاؤنٹی میں شمسی بجلی گھر کی منظوری کا اعلان

100 میگا واٹ منصوبے سے 130 سے زائد ملازمتیں اور 16,500 گھروں کے لیے بجلی پیدا کرنا متوقع ہے

ORES کی جانب سے سنہ 2021 سے منظور شدہ بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید توانائی کے 15 منصوبے ریاست میں 2.3 گیگا واٹ نئی صاف توانائی لاتے ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک کے قابلِ تجدید توانائی کے مقامات کا تعین کرنے والے دفتر نے بروک سائیڈ سولر ایل ایل سی کو برک اور چٹاقوا قصبوں، فرینکلن کاؤنٹی میں 100 میگا واٹ کی شمسی توانائی کی سہولت تیار کرنے، ڈیزائن کرنے، تعمیر کرنے، چلانے، برقرار رکھنے اور موقوف کرنے کے لیے حتمی سائٹنگ پرمٹ جاری کر دیا ہے۔ تعمیر مکمل ہونے کے بعد، ان شمسی بجلی گھروں سے اتنی صاف توانائی پیدا ہونے کی توقع ہے جو نیو یارک کے 16,500 گھروں کو بجلی فراہم کرے گی اور کاربن کے اخراج میں سالانہ 131,000 میٹرک ٹن کی کمی کرے گی، جو تقریباً 29,000 کاروں کو سڑک سے ہٹانے کے برابر ہے۔ توقع ہے کہ اس شمسی پلانٹ سے تعمیر اور آپریشن کے دوران 130 سے زیادہ کُل وقتی مساوی ملازمتیں بھی پیدا ہوں گی۔

گورنر Hochul نے کہا، "نیو یارک ایک صاف ستھری معیشت کی تعمیر میں ایک اور قدم آگے بڑھا رہا ہے۔ یہ حتمی سائٹنگ پرمٹ جاری کر کے، ہم نوکریاں پیدا کر رہے ہیں، نیو یارک کے خاندانوں اور کاروباروں کو صاف اور پائیدار توانائی فراہم کر رہے ہیں، اور نیو یارک کے مکینوں کی آنے والی نسلوں کے لیے ایک بہتر مستقبل بنا رہے ہیں"۔

آج کا اعلان سنہ 2021 سے قابلِ تجدید توانائی کے مقامات کا تعین کرنے کے دفتر (Office of Renewable Energy Siting, ORES) کی جانب سے جاری کردہ قابلِ تجدید توانائی کی 15ویں بڑی سہولت کے اجازت نامے کی نشاندہی کرتا ہے۔ مجموعی طور پر، یہ 15 اجازت نامے 2.3 گیگا واٹ سے زائد نئی صاف توانائی کی اجازت دیتے ہیں۔ یہ کامیابی نیو یارک کی موسمیاتی قیادت کو نمایاں کرتی ہے اور ریاستی تاریخ میں قابلِ تجدید توانائی کی بڑی سہولتوں کی منظوریوں کی تیز ترین رفتار کو ظاہر کرتی ہے۔

بروک سائیڈ سولر سے توقع ہے کہ پہلے 20 سالوں میں کاؤنٹیز، قصبوں اور سکولی اضلاع کو ٹیکسوں کی ادائیگی کے بدلے میں 12.7$ ملین سے زیادہ فراہم کرے گا اور سہولت کی میزبانی کرنے والے علاقوں میں وہاں کے رہائشیوں کے لیے بنیادی ڈھانچے، اضافی خدمات اور وسائل میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے میزبان علاقے کے ساتھ معاہدے کرے گا۔

ORES نے وسیع عوامی شرکت کے ساتھ جائزے کا ایک بروقت، تفصیلی، اور شفاف عمل کیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ مجوزہ منصوبہ انتظامی قانون کی شق c-94 اور اس کے نفاذ کے ضوابط کی ضروریات کو پورا کرتا ہے یا اس سے تجاوز کرتا ہے۔ یہ منصوبہ قابلِ تجدید توانائی کی اہم سہولیات کی اجازت دینے کے لیے ریاست کے باہمی تعاون کی ایک اور مثال ہے جس کا مقصد فیصلے کی ضرورت کے بغیر مقامی خدشات کو دور کرنا ہے۔

جوں جوں یہ منصوبہ آگے بڑھے گا، ORES میزبان بلدیات اور علاقائی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھے گا تاکہ تعمیر تک منصوبے کی نگرانی کی جا سکے۔

آج کا فیصلہ دفتر کی ویب سائٹ https://ores.ny.gov/permit-applications پر جا کر حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ریاست نیو یارک کے قابلِ تجدید توانائی کے مقامات کا تعین کرنے کے دفتر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Houtan Moaveni نے کہا، "مقامات کے تعین کے عمل کی شق c-94 کی کامیابی کا سہرا ORES اور اس کی شراکت دار ریاستی ایجنسیوں کے عملے نیز تمام متعلقہ شرکائے کار بشمول مقامی حکام، اہلِ علاقہ، ماحولیاتی گروپس، لیبر یونینز اور صاف توانائی کی صنعت کے سر ہے جو ایک صاف ستھرا، زیادہ لچکدار نیو یارک بنانے کے لیے مخلص ہیں۔ یہ عمل ایک انتظامی نمونے کے طور پر کھڑا ہے اور گورنر Kathy Hochul کی مسلسل قیادت کے ساتھ، ORES ہمارے قدرتی وسائل اور علاقوں کے مضبوط تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے ریاست کو اپنے موسمیاتی اہداف حاصل کرنے میں مدد کرنے کی اچھی حالت میں ہے"۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "شمسی توانائی کی تیاری ریاست کے پاور گرڈ کے لیے زیادہ صاف بجلی فراہم کر رہی ہے، جس سے موسمیاتی قیادت اور علاقائی تحفظ ایکٹ میں طے شدہ ضروریات کو پورا کرنے کی کوششوں کو تقویت مل رہی ہے اور اچھی تنخواہ والی آلودگی سے پاک ملازمتیں پیدا ہو رہی ہیں جس سے نیو یارک کی معیشت کو فائدہ پہنچتا ہے۔ گورنر Hochul کی قابلِ تجدید توانائی کے منصوبوں کی مستقل ترجیح ریاست کے قدرتی تیل سے دور منتقلی، آب و ہوا کی آلودگی کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانا جاری رکھے ہوئے ہے"۔

الائنس فار کلین انرجی نیو یارک کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Anne Reynolds نے کہا، "یہ نیو یارک کے تمام مکینوں، خصوصاً فرینکلن کاؤنٹی میں رہنے والوں کے لیے ایک جیت ہے، اور ہم ہر اس شخص کو سراہتے ہیں جس نے اس اعلان کو ممکن بنانے میں مدد کی۔ یہ منصوبہ ناصرف نیو یارک کو انتہائی ضروری صاف قابلِ تجدید توانائی فراہم کرے گا بلکہ حقیقی اور ٹھوس اقتصادی فوائد فراہم کرے گا جو نارتھ کنٹری نیو یارک کے باشندوں کی زندگی کو بہتر بنائیں گے"۔

نیویارک لیگ آف کنزرویشن ووٹرز پالیسی کے ڈائریکٹر Patrick McClellan نے کہا، "چونکہ ہماری آبادی اور سیارے کی صحت قدرتی تیل کو جلانے کے نقصان دہ اثرات کا شکار ہو رہی ہے، یہ ضروری ہے کہ ہم اپنی بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید توانائی کی صلاحیت کو بڑھائیں۔ بروک ڈیل سولر کے مقام کا تعین اور اس سے فراہم کی جانے والی 100 میگا واٹ صاف توانائی ریاست کے CLCPA اہداف کو پورا کرنے کی طرف ایک بڑا قدم ہے اور ماحولیات کے لیے ایک بڑی جیت ہے۔ ہم گورنر Hochul اور ORES کے ڈائریکٹر Houtan Moaveni کی آب و ہوا کے لیے جنگ اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے وابستگی کو سراہتے ہیں کہ نیو یارک شمسی توانائی کی پیداوار میں قومی رہنماء ہے"۔

نیو یارک سٹیٹ لیبررز یونین پولیٹیکل ایکشن کمیٹی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Vincent Albanese نے کہا، "ہم فرینکلن کاؤنٹی میں نیو یارک کے جدید ترین قابلِ تجدید توانائی کے منصوبے - ایک جدید ترین شمسی توانائی کی سہولت کا مکمل جائزہ لینے اور فوری طور پر اجازت دینے پر گورنر Hochul اور قابلِ تجدید توانائی کے مقام کے تعین کے دفتر کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ یہ منصوبہ مقامی تعمیراتی محنت کشوں کے لیے یونین کی اچھی ملازمتیں پیدا کرے گا، اور انہیں خاندان کو برقرار رکھنے والی ٹھوس اجرت حاصل کرنے کے قابل بنائے گا۔ ڈویلپر، AES، کے پاس مقامی لوگوں کے لیے کیریئر-ٹریک ملازمتیں فراہم کرتے ہوئے، ان علاقوں کی معاونت کرنے کا ثابت شدہ ٹریک ریکارڈ موجود ہے۔ نیو یارک سٹیٹ لیبررز یونین کو نیو یارک کے قابلِ تجدید توانائی کے مستقبل کی تعمیر میں ایک اٹوٹ کردار ادا کرنے پر فخر ہے"۔

AES کے ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ Josh Baird نے کہا، "بروک سائیڈ شمسی توانائی کا منصوبہ نیو یارک میں بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید توانائی کے منصوبوں کی اپنی پائپ لائن کو ذمہ داری سے تیار کرنے کے لیے AES کی قیادت اور عزم کی ایک اور بہترین مثال ہے۔ ہم اس اہم منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے گورنر اور ORES کے عملے

کی کوششوں کو سراہتے ہیں۔ سائٹنگ پرمٹ کا اجراء اس منصوبے کو آگے بڑھانے میں ایک قابلِ غور قدم ہے، اور ہم اس منصوبے سے مقامی افراد اور ریاست کو بہت سے فوائد حاصل ہوتا دیکھنے کے منتظر ہیں"۔

اشیتاگے قصبے کے سپروائزر Don Bilow نے کہا، "اشیتاگے قصبہ بروک سائیڈ شمسی توانائی کے منصوبے کی حمایت کرنے پر خوش ہے۔ ہم سبز توانائی کی فراہمی کو بڑھانے اور قدرتی تیل پر اپنا انحصار کم کرنے کے ریاستوں کے منصوبے کی حمایت کرتے ہیں۔ یہ قابلِ تجدید توانائی کے منصوبے گرین ہاؤس گیسوں اور آلودگی کے اثرات میں توازن قائم کرنے کا صحیح طریقہ ہیں۔ میں شکر گزار ہوں کہ ہمارے کچھ رہنماء گلوبل وارمنگ کے خطرے کو سنجیدگی سے لیتے ہیں"۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں